# سلام محمدی ﷺ

## چہل میم غیر منقوط ۱۹




مرتب

محمد عزیز سلطان ناچیزؔ

۷۸۶ ۹۲

# سلام محمدی صلی اللہ علیہ وسلم

# چہل میم غیر منقوط (۱۹)



۷۸۶/۹۲

**نقش تحفۂ روحانی وحل المشکلات**

مَعَ اسْمِ اللهِ الْمَلِكِ السَّلٰمِ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| صلی اللہ علیہ وسلم | م | ح | م | د | صلی اللہ علیہ وسلم |
| صلی اللہ علیہ وسلم | ح | م | د | م | صلی اللہ علیہ وسلم |
| صلی اللہ علیہ وسلم | م | د | م | ح | صلی اللہ علیہ وسلم |
| صلی اللہ علیہ وسلم | د | م | ح | م | صلی اللہ علیہ وسلم |

اس نقش کو دیکھنے والے کی
ہر مشکل حل ہوگی انشاءاللہ

## مرتب

بموقع رمضان ۱۴۳۸ھ

بفیض روحانی سیدنا محی الدین وسیدنا معین الدین
وحضرات مخدومین سادات چودھوں پیراں رضی اللہ عنہم

محمد عزیز سلطان ناچیز

۷۸۶/۹۲

# نقش تحفۂ روحانی وحل المشکلات

مَعَ اسْمِ اللّٰہِ الْمَلِکِ السَّلٰمِ

ص م ح م د لی اللہ علیہ وسلم

ص ح م د م لی اللہ علیہ وسلم

ص م د م ح لی اللہ علیہ وسلم

ص د م ح م لی اللہ علیہ وسلم

اس نقش کو دیکھنے والے کی ہر مشکل حل ہوگی انشاء اللہ

# سلام محمدی ﷺ چہل میم غیر منقوط (۱۹)

مَعَ اسْمِ اللهِ الْمَلِكِ السَّلٰمِ ○ اَللّٰهُمَّ لَكَ

الْحَمْدُ ○ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ ○ صَلِّ كَامِلًا وَّسَلِّمْ

سَلَامًا دَائِمًا وَّكَرِّمْ كَرَمًا سَرْمَدًا عَلٰى

مَوْلَائِيْ رَحُوْمٍ عَالَمِكَ ○ وَمَوْلٰى كُلِّ

الصَّائِمِ وَمَا اُوْحِيَ كَلَامُكَ اِلٰى هُوَ وَمُعْطِي

اٰلَاءِ كُلِّ عَالَمِكَ ○ وَمُمِدِّ كُلِّ الْمَلٰئِكِ

وَمُسْلِكِ صِرَاطِكَ وَهُوَ رَسُوْلُكَ وَسِرُّكَ

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ ○ وَصَارَ وَالِدُهٗ اَطْهَرَ

الْوَالِدِ وَ اُمِّهٖ اَطْهَرَ الْاُمِّ وَاٰلِهٖ اَطْهَرَ الْاٰلِ

وَعَلٰى وَالِدِهٖ وَاُمِّهٖ وَاٰلِهٖ وَالْمَوْلٰى عَلِيٍّ وَّوَلَدَىْ

عَلِيٍّ وَّاُمِّهِمَا ○ وَمُحْيِ الْاِسْلَامِ وَاٰلِهٖ وَوَالِي

الْاِسْلَامِ وَاٰلِهٖ وَاَحْمَدَ وَلِيِّ اللّٰهِ وَحَوَارِيِّ وَلِيِّ

اللّٰهِ وَاٰلِهٖ وَكُلِّ اُمَمِ رَسُوْلِ اللّٰهِ كُلَّ الْحَالِ ○

**مراد:** اللہ کے اسم کے سہارے کہ وہی مالک وسلامی والا ہے۔ اے ہمارے اللہ ساری حمد اللہ ہی کے لئے ہے، واحد اللہ ہی الٰہ ہے کامل درود دائمی سلام اور سرمدی کرم ہمارے مولیٰ اللہ کے سارے عالم کی کمال مہر والے کے لئے وارد ہو اور سارے صوم والوں کے مولیٰ کے لئے ہو اور اس رسول کے لئے ہو کہ اس کے

لئے الٰہی کلام وحی کئے گئے اور اللہ کے سارے عالم کی عطاؤں کے معطی کے لئے ہواور سارے ملائکہ کے مددگار کے لئے ہواور اللہ کی راہ کے ہادی کے لئے ہواور وہ اللہ کے رسول اور سرّ محمد ﷺ اللہ کا رسول ہے اور اس رسول کے والد کمال طہر والے ہوئے سارے والد سے اور ماں ساری ماؤں سے اور آل واولاد ساری آل واولاد سے اور (درودوسلام) اس رسول کے والد کے لئے ہواور ماں کے لئے ہواور آل کے لئے ہو، مولیٰ علی کے لئے ہو، مولیٰ علی کے لاڈلوں کے لئے ہو اور مولیٰ علی کے لاڈلوں کی والدہ کے لئے ہو، اسلام کے محیِ کے لئے ہواور آل کے لئے ہو، اسلام کے مددگار کے لئے ہواور آل کے لئے ہو اور احمد ولی اللہ کے لئے ہواور ولی اللہ کے ہم دموں کے لئے ہواور آل کے لئے ہو، اللہ کے رسول کی ساری امم کے لئے ہو ہر دم۔

**توضیحی ترجمہ:** اللہ کے اسم کے ساتھ جو مالک ہے سلامتی دینے والا ہے اے ہمارے اللہ تمام تعریف تیرے ہی لئے ہے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں تو خوب خوب کامل درود اور دائمی سلام اور سرمدی کرم نازل فرما ہمارے مولیٰ اپنے سارے جہان کے مہربان پر اور تمام روزہ داروں کے آقا پر اور اس ذات پر کہ جن کی طرف تیرا پاک کلام وحی کیا گیا اور تیرے سارے جہان کی نعمتوں کے عطا کرنے والے پر اور سارے فرشتوں کے مددگار پر اور تیرے راستے پر چلانے والے پر اور وہ تیرے رسول اور تیرا راز محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں کہ جن کے والد (سیدنا عبداللہ رضی اللہ عنہ) تمام والد میں سب سے زیادہ پاکیزگی والے ہیں اور جن کی ماں (بی بی آمنہ رضی اللہ عنہا) تمام ماؤں میں سب سے زیادہ پاکیزگی والی ہیں اور جن کی آل واولاد تمام آل واولاد میں سب سے زیادہ پاکیزگی

والے ہیں اور (درود وسلام نازل ہو) آپ ﷺ کے والد پر اور آپ ﷺ کی والدہ پر اور آل پر، حضرت مولیٰ علی رضی اللہ عنہ پر اور مولیٰ علی کے دونوں لاڈلوں امام حسن وامام حسین علیہما السلام پر اور حسنین کریمین کی والدہ خاتون جنت سیدہ بی بی فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا پر اور دین کے زندہ کرنے والے محی الدین سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ پر آپ کی آل پر اور دین کے مددگار خواجہ معین الدین حسن سنجری پر آپ کی آل پر اور حضرت مخدوم سید احمد ولی اللہ پر، آپ کے اصحاب روحانی پر اور آل پر اور اللہ کے رسول کے سارے امتیوں پر ہر دم۔

## فضیلت سلام محمدی ﷺ چہل میم غیر منقوط (١٩)

یہ ''سلام محمدی ﷺ چہل میم'' جو کہ چالیس میم کے ساتھ بغیر

نقطے والے حروف پر مشتمل ہے اِس کا ترجمہ بھی غیر منقوط ہے جس کو سمجھنے کے لئے توضیحی ترجمہ شامل ہے جو شخص اس درود کو روزانہ ۵/۱۱/۱۰۰/بار پڑھنے کا اپنا معمول بنائے گا اسے اللہ ورسول کی خوشنودی حاصل ہوگی عبادت میں ذوق وشوق اور غور وفکر کی توفیق عطا ہوگی، غیر روزہ دار کو روزہ رکھنے کی توفیق عطا ہوگی اور روزہ داروں کے روزوں کو شرف قبولیت ملے گا اگر سحری وافطار کے وقت پڑھے تو بے شمار نعمتوں کا حقدار ہوگا اسے ماہ رمضان کے آداب اور جملہ فیوض وبرکات سے نوازا جائے گا اور ہر مہینے میں متقیوں کے اعمال کی توفیق اور خیر کثیر کی دولت حاصل ہوگی وہ جملہ بلیات وآفات اور تمام شروں سے محفوظ ہوجائے گا، نیز اسے اہل بیت وصحابۂ کرام کی شفقت ومحبت حاصل ہوگی اور ان کا دیدار نصیب ہوگا ایمان پر خاتمہ ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔


آستانہ حضرات مخدومین سادات چودھوں پیراں (علیہم الرحمۃ والرضوان) الہ آباد
www.syed14peer.com